## ایم کیوایم پاکستان میں بسنے والی تمام قومیتوں کی نمائندہ جماعت ہے، رابطہ کمیٹی

## ملک وقوم کا سب سے بڑا دشمن وہ ہے جو قومیتوں کو لسانی بنیاد پر تقسیم کررہا ہے

## لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے جنرل ورکرز اجلاس سے

## مصطفی کمال، وسیم آفتاب، افتخار اکبر رندھاوا، گلفراز خان خٹک اور یوسف شاہوانی، کا خطاب

## اجلاس میں پختون، پنجابی، سرائیکی، ہزارے وال، کشمیری قومیتوں سے تعلق رکھنے والے ہزاروں کارکنان نے شرکت کی

کراچی۔۔۔4، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ ملک وقوم کا سب سے بڑا دشمن وہ ہے جو قومیتوں کو لسانی بنیاد پر تقسیم کررہا ہے۔ ہم اس ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کو جڑ سے اکھاڑنے کیلئے انقلابی جدوجہد کررہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین مصطفی کمال، وسیم آفتاب، افتخار اکبر رندھاوا، ین گلفراز خان خٹک اور یوسف شاہوانی نے لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں پختون، پنجابی، سرائیکی، ہزارے وال اور کشمیری قومیتوں سے تعلق رکھنے والے ہزاروں کارکنان نے شرکت کی اس دوران انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت ومحبت کا اظہار کیا اور ایم کیوایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق میں اپنی مادری زبانوں میں فلک شگاف نعرے لگائے۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان توصیف خانزادہ، نیک محمد اور متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ اپنے خطاب میں اراکین رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم نے ناممکن کو ممکن کردکھایا ہے اور مڈل کلاس غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے افراد کو پہلی مرتبہ اسمبلیوں میں پہنچایا ہے۔ ایم کیوایم کسی قومیت کے خلاف نہیں ہے اور وہ تعصب، نفرت پر مبنی تمام سازشوں کو ناکام بناتی آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو تحریکیں انقلاب کی بات کرتی ہیں ان کو ظالم جابر طبقے کا سامنا کرنا ہوتا ہے ایک طرف مٹھی بھر لوگ ہوتے ہیں جن کے پاس وسائل، طاقت نہیں ہے اور دوسری طرف وہ سارے لوگ ہیں جن کے پاس وسائل قوت بھی ہے اور کچل دینے کی پوری طاقت رکھتے ہیں، لیکن جن کے پاس جذبہ اور جوش ہے اور نظریہ سے مخلصی، وابستگی ہے تو یہی تھوڑے سے لوگ جب اپنے نظریئے کی سچائی پر ڈٹے رہتے ہیں دنیا کی تاریخ ہے یہی مٹھی بھر افراد انقلاب برپا کیا کرتے ہیں۔ انہوں نے کارکنان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ جمے، کھڑے اور ڈٹے رہیں ہم ساری قوتوں، نام نہاد سیاستدانوں ڈھونگیوں کو جو 63 برس سے ملک کے عام لوگوں کو انصاف، غریبی، مکان کے نعرے لگا کر بیوقوف بنارہے ہیں ان تمام کے چہروں سے نقاب اتار دیں گے۔ ہماری آج کی قربانی ہمارے کل کو محفوظ بنائے گی اور اجتماعی عمل میں جڑنا اور ایک دوسرے کو سمجھانا اور اچھی باتوں کو اپنانا ہوگا۔ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقے کی جماعت ہے اگر ایم کیوایم میں کوئی خراب شخص آ بھی جائے تو بہت دیر تک ٹک نہیں سکتا۔ ہم سب ایک ہوں گے تو انشاءاللہ منزل ہماری ہوگی۔ ہمارا قائد اور سوچ اور فکر سچی ہے لہٰذا ایم کیوایم کا کام ملک کے گوشے گوشے میں پھیل رہا ہے، پنجاب کے 37 اضلاع میں ایم کیوایم کے دفاتر ہیں۔ یہ تحریک پورے پاکستان کے لوگوں کی تحریک ہے، قائد تحریک الطاف حسین پنجابی، سندھی بلوچوں، سرائیکیوں اور تمام قومیتوں کے قائد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب نظریہ سچا ہو، قائد سچا ہو ایماندار ہو اور اس کے قول وفعل میں تضاد نہ ہوں، نڈر بے باک ہو اور سچے نظریے کو پھیلانے والے سچے کارکنان ہوں تو تمام خواب حقیقتوں میں تبدیل ہوجاتے ہیں، پختون، ہزارے وال، کشمیری، پنجابی، سرائیکی ہزاروں کارکنوں کا اجتماع ہے وہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ ہمارے قائد کا نظریہ، فلسفہ اور ان کی جدوجہد ایماندارانہ، منصفانہ اور نیک ہے، جس کی وجہ سے آج ایک نہ یقین آنے والا مجمع اور بات ہے کہ ملک کی فضا میں یہ بات آج سے کوئی چند سال قبل کرتا کہ ایم کیوایم جو اے پی ایم ایس او تھی، پھر مہاجر قومی موومنٹ بنی اور پھر متحدہ قومی موومنٹ بنی ہے اس کے پرچم تلے دوسری قومیتوں سے تعلق رکھنے والے لوگ بھی اتنی بڑی تعداد میں نہ صرف عام اجتماعات میں آئیں بلکہ جنرل ورکرز اجلاس میں آئیں گے جو کارکنان کا اجلاس ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں جاگیردارانہ، وڈیرانہ، سردرانہ اور چند خاندانوں کی حکمرانی اور نظام رائج رہا ہے پنتیس سے چالیس خاندانوں کی اس ملک میں بالواسطہ یا بلاواسطہ حکمرانی رہی ہے، ان کا دادا پردادا بھی اپنے علاقے سے ایم پی اے ہوا کرتا تھا، داداباپ ہوا کرتا تھا آج ان کی یہ نئی نسل ایم پی اے، ایم این اے اور وزیر ہے انہوں نے اپنے بچوں کو لندن اور امریکہ بھیج رکھا ہے، غریب کے بچوں کیلئے کسانوں کیلئے مزدروں کیلئے گاؤں گوٹھوں دیہاتوں میں ایک پرائمری اسکول نہیں کھلنے دیتے، اگر کوئی کھل جائے تو ان درسگاہوں کو اپنی اوطاقوں میں تبدیل کردیتے ہیں، یہ ڈرامہ پچھے 63 برس سے میوزیکل چیئر کی طرح چلتا چلا آرہا ہے امیر امیر سے امیر تر اور غریب غریب سے غریب تر ہوتا چلا گیا تو ان لوگوں نے بھی ہمارے حالات نہیں بدلنے اگر اس پاکستان کی تقدیر کوئی بدلے گا اور کوئی بدل سکتا ہے تو وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بعض سازشی انسانیت کے دشمن ہیں، سیاست کرنا چاہتے ہیں وہ معصوم لوگوں کے ذہنوں کو خراب کرکے لوگوں کے خون سے ہولی کھیلنا چاہتا ہے، ہم سب کے کاندھوں پر انتہائی اہم ذمہ داری ہے کہ کراچی میں کسی بھی قومیت، مذہب، مسلک سے تعلق رکھنے والے ہر معصوم شخص کو لسانی بنیادوں پر تقسیم کرنے والے سازشی عناصر سے بچانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پختونوں

کے حقوق کے دعویداروں کی اب ملک سے باہر جائیدادیں، کراچی میں پیٹرول پمپس ہیں۔انہوں نے کہا کہ پچھلے 27 سالوں سے الیکٹورل پالیٹکس میں کوئی تمام اکائیوں کی خدمت کررہاہے تو وہ واحد متحدہ قومی موومنٹ ہے، پچھلے برسوں کے الیکشن اٹھا کر دیکھیں کسی پارٹی کو کراچی میں واضح مجارٹی نہیں ملی اور نمائندہ سیٹیں متحدہ کے نمائندوں کو ملی ہیں کراچی میں جو ترقی ہوئی ہے وہ کسی ایک مسلک،قوم کے لئے نہیں بلکہ تمام لوگوں کیلئے ہے۔رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کارکنان کو تلقین کی کہ آپ پر بہت بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے،اپنے اپنے گھروں،محلوں اور دوستوں اور رشتہ داروں وار برادریوں میں جائیں اور حق پرستی،سچائی کا یہ پیغام لیکران کو دعوت دیں اور اس میں ان کو شامل کریں۔

## دبئی کے معروف تاجر سہیل الظہر ونی کی نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے اراکین سے ملاقات
## ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا

کراچی۔۔۔4،اکتوبر2010ء

دبئی کے معروف تاجر سہیل الظہر ونی نے پیر کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین کنور خالد یونس،محترمہ نسرین جلیل اور کنور نوید جمیل سے ملاقات کی اور لندن میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ملاقات میں سہیل الظہر ونی نے رابطہ کمیٹی کے اراکین سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق کا لندن میں بہیمانہ قتل گہری سازش ہے لہذا برطانوی حکومت کو چاہیے کہ وہ جلد از جلد قتل کے واقعہ کی تحقیقات مکمل کر کے اس کے حقائق عوام کے سامنے لائیں۔رابطہ کمیٹی کے اراکین نے سہیل الظہر ونی کی نائن زیرو آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا اس موقع پر شہید انقلاب ڈاکٹر فاروق کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی گئی۔

## ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ شعبہ خواتین کی رکن محترمہ شاہین مجید اور ایم کیوایم یوکے ساؤتھ آل یونٹ کے یونٹ انچارج محبوب الٰہی کی ہمشیرہ محترمہ حنا اشفاق کے انتقال پر قائد تحریک الطاف حسین کا اظہار تعزیت
## محترمہ شاہین مجید اور محبوب الٰہی سے ایم کیوایم رابطہ کمیٹی،انٹرنیشنل سیکریٹریٹ،شعبہ خواتین اور یوکے یونٹ کا بھی اظہار تعزیت

لندن۔۔۔4 اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ شعبہ خواتین کی رکن محترمہ شاہین مجید اور ایم کیوایم یوکے ساؤتھ آل یونٹ کے یونٹ انچارج محبوب الٰہی کی ہمشیرہ محترمہ حنا اشفاق کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔حنا اشفاق کا کراچی میں کئی روز علالت کے بعد انتقال ہوگیا ہے۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ حنا اشفاق کی مغفرت فرمائے اور مرحومہ کے تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی،انٹرنیشنل سیکریٹریٹ،شعبہ خواتین اور یوکے یونٹ نے بھی محترمہ شاہین مجید اور محبوب الٰہی سے ان کی ہمشیرہ حنا اشفاق کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور مرحومہ کیلئے دعائے مغفرت کی ہے۔

## مقامی اخبار کے صحافی جمیل صدیقی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔4،اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مقامی اخبار کے صحافی جمیل صدیقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے۔(آمین)

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا سوگوار کارکنان سے اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔4،اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم اورنگی سیکٹر یونٹ 121 کے کارکن محمد مراد کی والدہ محترمہ سلمیٰ پروین بیگم،بلدیہ سیکٹر یونٹ 116 کے کارکن محمد حسین کے بڑے بھائی عبدل پیروس،کورنگی سیکٹر یونٹ 72 کے کارکن محمد شریف کے بھائی محمد سلیم،گلشن اقبال سیکٹر یونٹ 66-B کے کارکن عتیق الرحمٰن کے والد سعید الرحمٰن،فیڈرل بی ایریا کے سیکٹر ممبر ذیشان الحق کے بہنوئی مرزا مبین بیگ اور ایم کیوایم لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 197 کے کارکن راشد کی ہمشیرہ مہناز بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

## اساتذہ اکرام کے عالمی دن کے موقع پر اے پی ایم ایس او کی جانب سے مبارکباد
## ملک کے تعلیمی معیار کو بہتر بنایا جائے چیئر مین وارکینِ مرکزی کابینہ اے پی ایم ایس او

کراچی(پ ر)4-8-2010

عالمی یوم اساتذہ کے موقع پر آل کستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئر مین وارکینِ مرکزی کابینہ کی جانب سے پاکستان اور دنیا بھر کے تمام اساتذہ کرام جو کہ طالب علموں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کررہے ہیں،انہیں اس دن کی مناسبت سے دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں،دنیائے عالم کے تمام وہ ملک جو ترقی پذیر ہیں اور ایسے مما لک جو ترقی کی راہ پر گامزن ہیں وہاں تعلیم کو خصوصی اہمیت حاصل ہے مگر بدقسمتی سے پاکستان میں تعلیم کے شعبے کو نظر اندازی کا شکار کیا گیا ہے جس کی وجہ سے ہم ترقی کی راہ میں ہفتوں نہیں بلکہ مہینوں پیچھے کی جانب لوٹ رہے ہیں اور اسی وجہ سے ہمارا تعلیمی معیار تباہ حالی کی جانب بڑھ رہا ہے اور ساتھ ساتھ ملک کی جامعات میں مستقل بنیادوں پر تعلیمی فنڈز کا مہیا نہ ہونے سے ہمارا تعلیمی ماحول تباہ ہورہا ہے لہٰذا آج کے اس دن کے موقع پر ہم صدر پاکستان،وزیراعظم اور وفاقی وزیرِ تعلیم سے مطالبہ کرتے ہیں کہ خدارا تعلیم اور طالب علموں کے ساتھ ناروا سلوک نہ رکھا جائے بلکہ فوری بنیادوں پر اس دیرینہ مسئلہ کو حل کیا جائے۔

☆☆☆☆☆